## الطاف بھائی ہرلمحہ سیلاب متاثرین کے ساتھ ہیں اوران کے دکھ درد اور خوشیوں میں پوری طرح شریک ہیں،ڈاکٹر فاروق ستار

## گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سائٹ میں ریلیف کیمپ کا دورہ، متاثرین سیلاب کے ساتھ عید منائی

## خواتین میں مہندی، چوڑیاں اور بچوں میں ملبوسات، عیدی اور دیگر تحائف تقسیم کیے

کراچی۔۔۔13ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزحق پرست وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے عیدالفطر کے موقع پر سائٹ کے علاقے میں گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی میں متاثرین سیلاب کیلئے قائم ریلیف کیمپ کا دورہ کیا، متاثرین میں امداد تقسیم کی اوران کے ساتھ عید منائی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ چیمبر آف کامرس کے ارکان اورسائٹ ٹاؤن کے افسران بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے سیلاب متاثرین سے فرداًفرداًملاقات کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خواتین میں مہندی، چوڑیاں اور تین سو سے بچوں میں ملبوسات، عیدی اور دیگر تحائف بھی تقسیم کیے۔ڈاکٹر محمد فاروق ستار جسے ہی گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سائٹ کراچی پہنچے تو متاثرین کی بڑی تعداد نے انہیں ویلکم کیا،اس موقع پر سائٹ ٹاؤن کی فضاء جئے الطاف ، جئے متحدہ اور ایم کیوایم کے حق میں لگائے گئے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی جبکہ کیمپ میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے ڈاکٹر محمد فاروق ستار سے سندھی زبان میں گفتگو کی اوران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ الطاف بھائی تک ہمارا پیغام پہنچادیں۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار متاثرین میں گھل مل گئے اور متاثرین میں غذائی اجناس کے تھیلے تقسیم کیے،انہوں نے متاثرین سے سندھی زبان میں گفتگو کی اور کہا کہ ’’الطاف بھائی ہر حال میں مکمل آپ کے ساتھ ہیں‘‘۔انہوں نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ایم کیوایم ہرلمحہ اپنے سیلاب زدہ بھائیوں کے ساتھ ہے اور کسی صورت انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی اور اس وقت چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک ایک ایک سیلاب زدہ فرد اپنے گھر واپس آباد نہیں ہوجاتا۔انہوں نے نوجوانوں کو یقین دلایا کہ وہ ہرگز مایوس نہ ہو ایم کیوایم پوری طرح ان کے ساتھ ہے اوران کے روزگار کی بحالی کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے نظریے سے پیار و محبت کا جو راستہ ہمارے درمیان قائم کیا ہے وہ کبھی ختم نہیں ہوگا۔

## ملتان اور جھنگ میں خوفناک حادثات میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔13 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی مومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملتان اور جھنگ میں خوفناک حادثات میں متعدد مسافروں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس اور رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ حادثے کی روک تھام کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائیں جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ تیز رفتاری اور ڈرائیوروں کی مجرمانہ غفلت کے باعث قومی شاہراہوں پر حادثات روز کا معمول بن گئے ہیں جن میں ہر سال درجنوں قیمتی جانیں ضائع ہورہی ہے جبکہ ہزاروں افراد ان حادثات میں شدید زخمی ہوکر معذوری کی کربناک زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ملتان کے علاقے شجاع آباد میں ٹرین اور رکشے اور جھنگ میں بس اور ویگن کے خوفناک تصادم کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) رابطہ کمیٹی نے حادثات کے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆